## عمران خان نے ایم کیوایم کے بارے میں جن مثبت خیالات کا اظہار کیا ہے وہ خوش آئند ہیں۔رابطہ کمیٹی
## عمران خان کے مثبت خیالات سے مفاہمت کی فضاء پروان چڑھے گی
## ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کی جانب سے عمران خان کے بیان کا خیرمقدم

لندن۔۔۔25 ستمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم کے بارے میں تحریک انصاف کے چیئر مین عمران خان کے بیان کا خیرمقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ عمران خان نے آج لندن میں ایم کیوایم کے بارے میں جن مثبت خیالات کا اظہار کیا ہے وہ خوش آئند ہیں اوران مثبت خیالات سے مفاہمت کی فضاء پروان چڑھے گی۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ملک کواس وقت مفاہمت کی اشد ضرورت ہے۔

## پنجاب کنونشن کے لئے ایم کیوایم کی چندہ مہم
## لندن میں رابطہ کمیٹی کے حق پرست منتخب نمائندگان،مختلف شعبہ جات کے ارکان،
## ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ اور یو کے یونٹ کے ارکان نے چندہ جمع کرایا

لندن۔۔۔26،ستمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی اپیل پر ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی ،حق پرست وفاقی وصوبائی وزراء،ارکان قومی وصوبائی اسمبلی ، سابق ارکان اسمبلی ،ٹاؤن ناظمین،ایم کیوایم کے مختلف شعبہ جات کے ارکان،شعبہ خواتین برطانیہ اورایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ کے ارکان نے پنجاب کنونشن کے انعقاد کے سلسلے میں ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں چندہ جمع کرایا۔چندہ جمع کرانے والوں میں رابطہ کمیٹی پاکستان اورلندن کے تمام ارکان،وفاقی وزیر بابر خان غوری،حق پرست سینیٹر عبدالحسیب خان، صوبائی وزراء ڈاکٹر صغیراحمد،عادل صدیقی،شعیب بخاری ایڈوکیٹ،رضاہارون،فیصل سبزواری،زبیراحمد خان،خدمت خلق فاؤنڈیشن کے سربراہ طارق میر،سابق صوبائی مشیر نعمان سہگل،حق پرست ارکان قومی وصوبائی اسمبلی حیدرعباس رضوی،صلاح الدین،ڈاکٹر ایوب شیخ،وسیم احمد،سابق سینیٹر محمدعلی بروہی،سابق رکن قومی اسمبلی طاہر آصف،سابق رکن سندھ اسمبلی محمد حسین،ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن کے ایڈمنسٹریٹر کلیم اللہ،ایم کیوایم یو کے یونٹ کے ارکان،حیدرآباد کے ڈسٹرکٹ ناظم کنورنوید،حیدرآباد کے زونل انچارج محمد شریف،ایم کیوایم کے شعبہ جات کے ارکان خالد سلطان،یونس منصوری،ٹاؤن ویوسی ناظمین واسع جلیل،سلیمان مجاہد بلوچ،ناصرعبداللہ،چاند جیلانی،شعبہ خواتین کی ارکان ناہید فاطمہ،رئیس فاطمہ،سائرہ نعمان سہگل،معروف مصنف رشید جمال شامل ہیں۔

## ایم کیوایم کے قائد الطاف حسین کی 56 ویں سالگرہ کے سلسلے میں ایم کیوایم یو کے کے زیراہتمام کل بروز ہفتہ
## لندن میں اجتماع منعقد کیا جائے گا۔الطاف حسین خطاب کریں گے
## اجتماع میں شرکت کیلئے پاکستان سے رابطہ کمیٹی کے ارکان،ارکان قومی وصوبائی اسمبلی،حق پرست ٹاؤن ناظمین،
## مختلف شعبوں کے ذمہ داران کے ساتھ ساتھ امریکہ،کینیڈا،بیلجیئم سے بھی ایم کیوایم کے ارکان بھی لندن پہنچ گئے

لندن۔۔۔25 ستمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی 56 ویں سالگرہ کے سلسلے میں ایم کیوایم یو کے کے زیراہتمام کل بروز ہفتہ لندن میں اجتماع منعقد کیا جائے گا۔یہ اجتماع ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ کے بالمقابل واقع وی آئی پی لاؤنج ( 47 ہائی اسٹریٹ ایجویئر،مڈل سیکس HA8 7DD ) میں شام چھ بجے ہوگا۔اجتماع سے ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین خطاب کریں گے۔اجتماع میں شرکت کیلئے پاکستان سے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان،ارکان قومی وصوبائی اسمبلی،حق پرست ٹاؤن ناظمین،مختلف شعبوں کے ذمہ داران کے ساتھ ساتھ امریکہ،کینیڈا،بیلجیئم سے بھی ایم کیوایم کے ارکان بھی لندن پہنچے ہیں۔

## ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینز شیخ لیاقت حسین کی فاتحہ سوئم

## رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینز ڈاکٹر فاروق ستار، رابطہ کمیٹی کے ارکان، سینیٹرز، صوبائی وزراء، حق پرست ارکان اسمبلی ودیگر کی شرکت

## جامعہ بنوریہ کے مہتمم مفتی محمد نعیم نے مرحوم کے ایصال ثواب کیلئے دعا کرائی

کراچی۔۔۔25رستمبر2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینز وسابق حق پرست رکن قومی اسمبلی اورتحریک پاکستان کے بزرگ کارکن شیخ لیاقت حسین مرحوم کا سوئم ان کی رہائشگاہ واقع خداداد کالونی میں بعدنماز جمعہ منعقد ہوا۔جس میں مرحوم کی روح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن وفاتحہ خوانی کی گئی اورمرحوم کوان کی تحریکی خدمات پرخراج عقیدت پیش کیا گیا۔سوئم کے اس اجتماع میں متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنونیرڈاکٹر فاروق ستار، ارکان رابطہ کمیٹی ڈاکٹرنصرت، کنورخالد یونس،حق پرست سینیٹرز، ارکان قومی وصوبائی اسمبلی،صوبائی وزراءومشیران،حق پرست ٹاؤن ناظمین، نائب ٹاؤن ناظمین، یوسی ناظمین، نائب یوسی ناظمین،کونسلرز اورایم کیوایم شعبہ خواتین کی مرکزی کمیٹی کی اراکین، ایم کیوایم کے مختلف شعبہ جات کے ذمہ داران واراکین،مقامی سیکٹر ویونٹس کمیٹی کے ارکان وکارکنان مرحوم کے عزیز واقارب،علماءاورصحافیوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔جامعہ بنوریہ کے مہتمم مفتی محمدنعیم نے مرحوم کے ایصال ثواب کے لئے دعا کرائی۔بعدازاں قرآن خوانی کے اجتماع کے بعدحمدونعت خوانی کا اہتمام کیا گیا جس میں ملک کے معروف نعت خواں صدیق اسماعیل،راشداعظم ودیگرنعت خواں نے رسول اکرم ﷺ کے شان میں گل ہائے عقیدت پیش کیا۔

## بجلی کی لوڈشیڈنگ سے شہریوں کونجات دلانے کیلئے موثر پالیسی بنائی جائے،حق پرست ارکان سندھ اسمبلی

کراچی۔۔۔25رستمبر2009ء

ایم کیوایم کے حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے بجلی کی لوڈشیڈنگ پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہاہے کہ ایک بار پھر کے ای ایس سی نے عید کی چھٹیاں ختم ہوتے ہی شہریوں پرلوڈشیڈنگ کا بے رحم ڈنڈا برسانا شروع کردیا ہے۔حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے اپنے ایک مشترکہ بیان میں کہا کہ عوام پہلے ہی مہنگائی کا عذاب سہہ رہے ہیں جبکہ اس پر بجلی کی لوڈشیڈنگ سے انھیں مزیداذیت میں مبتلا کیا جارہاہے جس پر جتنی مذمت کی جائے وہ کم ہے ۔حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے وزیراعظم یوسف رضا گیلانی،وفاقی وزیرپانی وبجلی راجہ پرویزاشرف،وزیراعلی سندھ قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا ہے کہ بجلی کی لوڈشیڈنگ سے شہریوں کونجات دلانے کیلئے مربوط اورموثر پالیسی بنائی جائے۔

## الطاف حسین کی 56ویں سالگرہ اورعیدالفطر کے موقع پر پاکستان سمیت دنیا بھرسے تہنیتی پیغامات بھیجنے والوں سے رابطہ کمیٹی کے ارکان کا اظہارتشکر

کراچی۔۔۔25رستمبر2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ارکان نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی 56ویں سالگرہ اورعیدالفطر کے موقع پر پاکستان سمیت دنیا بھر سے فیکس،فون،ای میل، بائی پوسٹ اورایس ایم ایس کے ذریعے نائن زیرواورایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں تہنیتی پیغامات اورعیدکارڈارسال کرنے والے تاجروں،صنعتکاروں، بیورکریٹس، سیاسی وسماجی شخصیات، وکلاء، صحافیوں،علمائے کرام،اساتذہ،ڈاکٹرز،انجینئرز،دانشواروں ءاورشعراءاوردیگر شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد کی جانب سے تہنیتی پیغامانات بھیجنے والوں سے متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی ارکان کا اظہارتشکر کیا ہے۔

## مقامی سینئرصحافی منصورساحرکی والدہ محمدی بیگم کے انتقال پرالطاف حسین نے اظہارافسوس

کراچی۔۔۔25رستمبر2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے مقامی سینئرصحافی منصورساحرکی والدہ محمدی بیگم کے انتقال پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں الطاف حسین نے مرحومہ کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کوجنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطافرمائے اورسوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## ڈاکٹر محمد فاروق ستار اور خواجہ اظہار الحسن کی سینئر صحافی منصور ساحر کی والدہ کے فاتحہ سوئم میں شرکت

کراچی۔۔۔25 ستمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر و وفاقی وزیر برائے سمندر پار پاکستانیز ڈاکٹر محمد فاروق ستار اور وزیراعلیٰ سندھ کے مشیر خواجہ اظہار الحسن نے مقامی سینئر صحافی منصور ساحر کی رہائشگاہ جا کر ان کی والدہ محمدی بیگم کے سوئم میں شرکت کی اور مرحومہ کی روح کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کی۔ وہ کچھ دیر سوگواران کے ساتھ رہے اور انہوں نے مرحومہ کے سوگوار لواحقین سے ملاقات کر کے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار بھی کیا۔

## تنظیمی نظم و ضبط کی خلاف ورزی پر ایم کیو ایم قصبہ علی گڑھ سیکٹر کے کارکنان یاسر حسین اور کلیم خان کو تنظیم کی بنیادی رکنیت سے خارج

کراچی۔۔۔25 ستمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے تنظیمی نظم و ضبط کی سنگین خلاف ورزی کی بناء پر ایم کیو ایم قصبہ علی گڑھ سیکٹر 130 داتا نگر کے کارکنان یاسر حسین ولد قیصر حسین اور کلیم خان کو تنظیم کی بنیادی رکنیت سے فوری طور پر خارج کر دیا ہے۔ رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم کے تمام ذمہ داران و کارکنان کو ہدایت کی وہ تنظیمی نظم و ضبط پر سختی سے عمل کرتے ہوئے تنظیم سے خارج کارکنان ایوب ولد ممتاز اور نور محمد ولد غنی میاں سے کسی بھی قسم کا ہرگز کوئی رابطہ نہ رکھیں۔

## ڈیفنس کلفٹن کے کارکن کے والد اور لیبر ڈویژن یونٹ HBFC کے جوائنٹ انچارج کی والدہ کے انتقال پر اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔25 ستمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم ڈیفنس کلفٹن سیکٹر یونٹ 7 پی اینڈ ی کالونی کے کارکن عظیم خان کے والد فرید خان ایم کیو ایم لیبر ڈویژن کے یونٹ HBFC کے جوائنٹ انچارج عارف الدین کی والدہ صغرابی کے انتقال پر گہرے رنج و غم کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں جگہ عطا کرے اور سوگواران صبر جمیل دے (آمین)

☆☆☆☆☆